السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغربی سوڈان میں ''الانصار''یعنی ''امام مہدی کے مددگار'' کے نام سے ایک جماعت بکثرت موجود ہے، عوام میں سے کئی ملین افراد اس سلسلہ سے منسلک ہیں۔ یہ (نام نہاد) مہدی اپنے مطبوعہ پمفلٹ میں کہتا ہے: ''جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لشکر کے آگے چلتے اور مجھے فتح کی خوشخبری دیتے تھے۔''ان خرافات کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ براہ کرم جواب ضرور دیجئے۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس شخص کا یہ دعوی کہ وہ مہدی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لشکر کے آگے چلتے اور اسے فتح کی بشارت دیتے تھے، بالکل جھوٹ ہے اور اللہ کی شریعت کے خلاف ہے اور اس حقیقت کے بھی خلاف ہے (۱) جس پر ملت اسلامیہ کا اتفاق ہے۔ کیونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر مبارک سے قیامت کے دن ہی باہر تشریف لائیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

(ثُمَّ إِنَّكُم بَعدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتونَ ﴿١٥﴾ ثُمَّ إِنَّكُم يَومَ القِيـٰمَةِ تُبعَثونَ) (المومنون۲۳ ۱۵-۱۶)

''پھر تم اس کے بعد مرجانے والے ہو۔ پھر تم قیامت کے دن اٹھائے جاوَ گے۔''

اور فرمایا:

(إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَيِّتونَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ إِنَّكُم يَومَ القِيـٰمَةِ عِندَ رَبِّكُم تَختَصِمونَ) (الزمر۳۹ ۳۰-۳۱)

''اے نبی!) آپ بھی فوت ہونے والے ہیں اور یہ (کافر) بھی مرنے والے ہیں۔ پھر تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑا کروگے (تمہارا مقدمہ رب کے سامنے پیش ہوگا)۔'' نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

(أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)

''میں (وہ شخص) ہوں، جس پر سے قیامت کے دن سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔''

مہدی منتظر کے متعلق کئی کتابیں لکھی گئی ہیں، ان میں سب سے جامع اور زیدہ صحیح کتاب وہ ہے وج فضیلۃ الشیخ عبدالمحسن عباد' سابق نائب رئیس جامعہ اسلامیہ (مدینہ منورہ) نے تحریر فرمائی ہے۔ (۲)

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلددوم-صفحہ283

محدث فتویٰ